# گھر پر ابتداء ہی میں طبی طریقے سے اسقاط حمل


- ای ایم اے ایچ کے لیے موزوں ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ
- گھر پر کس چیز کی توقع کریں
- آپ کے علاج کے بعد
- اس بات کی تصدیق کرنا کہ اسقاط حمل کا علاج کامیاب ہو گیا ہے
- مندرجہ ذیل حالات کی صورت میں مشورے کے لیے ہمارے ساتھ رابطہ فرمائیں
- رابطے کی تفصیلات


## ای ایم اے ایچ کے لیے موزوں ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ

نے ای ایم اے ایچ کا انتخاب کیا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ دواؤں کے دوسرے نسخے کے لیے ہسپتال جائے بغیر اپنے گھر کے ماحول میں ہی دواؤں کا دوسرا نسخہ استعمال کر سکتی ہیں۔

- 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کی ہوں۔
- اچھی صحت کی حامل ہوں اور ماضی میں حمل کے نمایاں مسائل سے دوچار نہ رہی ہوں۔
- علاج کے دوسرے پورے دن کے لیے آپ کے ساتھ گھر پر کوئی موجود ہو۔
- ٹیلیفون موجود ہو اور ٹرانسپورٹ تک رسائی حاصل ہو تاکہ کسی خدشے کی صورت میں آپ کلینک / ہسپتال جا سکیں۔
- کسی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ والے ہسپتال سے 30 منٹ کے فاصلے پر ہوں۔
- 9 ہفتوں سے کم مدت کی حاملہ ہوں۔

آپ اپنی پہلی دوا کے لئے سینڈی فورڈ میں تشریف لائیں گی۔ اس ویزٹ پر ڈاکٹر یا نرس آپ کی دوسری دوا کے بارے میں تفصیل فراہم کریں گے اور آپ کے ساتھ دوسری دوا لینے کے لئے کسی دن اور وقت پر اتفاق کریں گے۔ آپ کے علاج کے دوسرے دن آپ کو دوائیوں کا ایک پیکٹ دیا جائے گا، جس میں دواؤں کو کس طرح استعمال کرنا ہے کے بارے میں ہدایات ہوں گی۔

آپ کو علاج کے پہلے اور دوسرے دنوں کے درمیان خون آنے کا مسئلہ درپیش ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر ایسا ہوتا ہے تو بھی، یہ بہت ضروری ہے کہ آپ پھر بھی دوسری دوا لیں-اسقاط حمل کو کامیاب بنانے کے لیے دونوں علاجوں کی ضرورت ہے۔

## گھر پر کس چیز کی توقع کریں؟

آپ کو خون آ رہا ہو گا جو کہ آپ کی معمول کی ماہواری سے کہیں زیادہ مقدار میں ہو گا اور اس میں منجمد خون کے بڑے ٹکڑے بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ عام طور پر دوسرے علاج کے 3-2 گھنٹوں کے اندر اندر خون بہنا شروع ہو جائے گا۔ آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ کے گھر میں کافی مقدار میں بڑے سائز کے یا رات کو استعمال کرنے والے سینیٹری تولیے موجود ہوں۔ آپ کو جتنی بار بھی ضرورت درپیش ہو ٹوائلٹ استعمال کرنا چاہیئے۔ اس کو معمول کے مطابق فلش کر سکتے ہیں جبکہ سینیٹری تولیوں کو معمول کے مطابق تلف کر سکتے ہیں۔

ٹیمپون یا ماہواری کے کپس استعمال نہ کریں۔

## آپ کے علاج کے بعد

ابتداء کے کچھ دنوں میں کافی زیادہ خون آئے گا اوراس کے بعد ہلکا ہو جائے گا۔ علاج کے بعد زیادہ تر خواتین کو مجموعی طور پر 10-7 دنوں تک خون آتا ہے، حالانکہ بعض اوقات یہ خون کچھ ہفتوں تک جاری رہتا ہے۔

اپنے علاج کے بعد آپ ایک بار پھر بہت جلد ثمر آور ہو جائیں گی لہذا یہ بہت ضروری ہے کہ آپ فوراً ہی مانع حمل دوا کا استعمال شروع کر دیں۔ اگر آپ نے مانع حمل گولیوں کا انتخاب کیا ہے تو اسی دن سے آپ کو ان کی فراہمی شروع ہو جائے گی۔ اگر آپ نے کسی پیوندکاری یا انجیکشن کا انتخاب کیا ہے تو، یہ آپ کی پہلی دوا کے وقت سے دیا جائے گا۔ اگر آپ انٹرا یوٹیرائن طریقہ (یعنی کوئل) لگوانا چاہتی ہیں تو اس کی خاطر دوبارہ آنے کے لیے ہم آپ کی اپائنٹمنٹ کا بندوبست کریں گے، اور آپ کو عارضی طریقے کی پیشکش کریں گے۔

## اس بات کی تصدیق کرنا کہ اسقاط حمل کا علاج کامیاب ہو گیا ہے

اگرچہ یہ علاج بہت مؤثر ہے، اس بات کا بہت ہی کم امکان ہے کہ یہ کام نہیں کرے گا اوراس کے باوجود بھی آپ حاملہ رہ جائیں گی۔ ایسا تقریباً 100 خواتین میں سے 1 کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ علاج کامیاب رہا ہے، آپ کو اپنے علاج کے تین ہفتوں بعد حمل کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہو گی۔ یہ ایک خاص قسم کا ٹیسٹ ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ آیا اب بھی حمل کے ہارمون کثیر تعداد میں موجود ہیں، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ ابھی تک حاملہ ہیں۔

اگر ٹیسٹ مثبت ہے، یا آپ کو تشویش ہے کہ آپ ابھی تک حاملہ ہو سکتی ہیں تو ہم اس بات کا بندوبست کریں گے کہ آپ اسکین کے لیے واپس آئیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے، اور آپ کو کوئی خدشات لاحق نہیں ہیں تو آپ کو واپس آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ بذات خود اپنا حمل ٹیسٹ کرنے سے خوش نہیں ہیں تو آپ اپائنٹمنٹ کے لیے درخواست کر سکتی ہیں اور ٹیسٹ کے لیے کلینک واپس آ سکتی ہیں۔

## مندرجہ ذیل حالات کی صورت میں مشورے کے لیے ہمارے ساتھ رابطہ فرمائیں

- اگر آپ کو شدت کے ساتھ مسلسل خون آرہا ہے (آرام کرتے ہوئے ایک گھنٹے میں تین یا زیادہ پیڈز بھگو رہی ہیں)۔
- اگر دوسرے علاج کے بعد 24 گھنٹوں کے اندر اندر آپ کو کوئی خون نہیں آتا۔
- اگر آپ کو مجموعی طور پر 4 دن سے بھی کم عرصہ تک خون آتا۔
- اگر آپ بدبودار مادہ ڈسچارج کرتی ہیں، آپ کو بخار ہے یا پیٹ میں درد ہوتا ہے جس پر درد رفع کرنے والی دوا کوئی اثر نہیں کرتی۔
- اگر آپ ایک ہفتے کے بعد بھی حاملہ 'محسوس' کرتی ہیں (چھاتیوں میں درد، خرابی صحت، بڑھا ہوا پیٹ) محسوس کرتی ہیں۔
- اگر آپ اپنی ادویات ہدایت کے مطابق استعمال نہیں کرتیں۔
- اگر حمل کا فالو اپ ٹیسٹ مثبت یا درست نہیں ہے یا آپ کو کوئی اور خدشات ہیں۔

## رابطہ کی تفصیلات

**سینڈی فورڈ ٹی او پی اے آر مشورہ:** 8629 211 0141 یا 07976713277

سوموار تا جمعرات صبح 8:30 بجے تا شام 7 بجے تک، بروز جمعہ صبح 8:30 بجے تا شام 4:30 بجے تک۔

اگر آپ کو ان اوقات کے علاوہ فوری طور پر مشورے کی ضرورت درپیش ہو تو کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہسپتال میں گائناکالوجی وارڈ 49 کے ساتھ 2282 201 0141 پر رابطہ فرمائیں۔

اگر آپ کو بہت زیادہ خون آرہا ہو یا آپ کو بہت زیادہ بیمار یا بے ہوش کر دینے والا درد ہو تو، آپ کو اپنے قریب ترین A + E یونٹ میں جانا چاہیئے۔